فوری ریلیز کے لیے: 5/4/2023 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے اعلامیہ جاری کیا ہے کہ جنسی حملے کے متاثرین کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کے لئے 5 اپریل کو 'یقین کے ساتھ ابتدا کریں کا دن' کے طور پر منایا جائے گا

متاثرین کی مدد و معاونت کی اہمیت کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کے لئے نیویارک اس عالمی مہم میں حصہ لے رہا ہے

اس مہم کا مقصد خاندانوں، دوستوں، ساتھی کارکنان، قانون نافذ کرنے والے اداروں، اور دیگر پیشہ ور افراد کو اس بارے میں تعلیم دینا ہے کہ اگر کوئی شخص جنسی حملے کا انکشاف کرے تو وہ اپنے ردعمل کو کس طرح بہتر بنا سکتے ہیں

اعلامیہ یہاں پڑھیں

گورنر Hochul نے آج ایک اعلامیہجاری کیا جس میں 5 اپریل کو 'یقین کرکے ابتدا کریں' کے دن کے طور پر منانے کی ہدایات کی گئی ہے، جو متاثرین کی مدد و معاونت کی اہمیت کے بارے میں شعور اجاگر کرنے والی ایک قومی مہم کا جزو ہے۔ 'یقین کرکے ابتدا کریں' کا دن خواتین کے خلاف تشدد ختم کرنے کی عالمی مہمکا ایک جزو ہے جس کا مقصد خاندانوں، دوستوں، ساتھی کارکنان، قانون نافذ کرنے والے اداروں، اور دیگر پیشہ ور افراد کو اس بارے میں تعلیم دینا ہے کہ اگر کوئی شخص جنسی حملے کا انکشاف کرے تو وہ اپنے ردعمل کو کس طرح بہتر بنائیں۔

"جنسی حملے کے متاثرین کے ساتھ ہمدردی، احترام، یکجہتی، اور انصاف والا سلوک کرنا لازمی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ان آوازوں کو مزید بلند کرکے اور ان کی داستانوں کو غور سے سن کر، ہم حقیقی تبدیلی لانے اور متاثرین کو بااختیار بنانے والے اقدامات جاری رکھ سکتے ہیں۔"

لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا، "نیویارک میں، ہم متاثرین کی داستانوں کو غور سے سنتے بھی ہیں اور ان پر یقین بھی کرتے ہیں۔ ہمیں جنسی حملوں کا مقابلہ کرنے، محفوظ کمیونٹیز کی تعمیر کرنے، اور یہ امر یقینی بنانے کے لئے اپنے ان اقدامات پر فخر ہے تاکہ متاثرین کو وہ وسائل، حمایت، اور احترام ملے جس کے وہ مستحق ہیں۔ آپ کی آواز بہت اہمیت رکھتی ہے، اور ہمیشہ سنی جائے گی۔"

End Violence Against Women International کے بانی اور سی ای او Sergeant Joanne Archambault (ریٹائرڈ) نے کہا، "یقین کے ساتھ ابتدا کرنے کا دن' کے اس موقع پر، پوری دنیا کی کمیونٹیز جنسی حملوں کے متاثرین کے ساتھ ہم ساز و ہم آواز ہیں: ہم آپ کی بات سنتے ہیں، اور ہم مدد کے لئے موجود ہیں۔ یہ زبردست بات ہے کہ نیویارک کے اتنے بہت سے باسی اس کال میں شامل ہوئے ہیں اور متاثرین کے لئے ردعمل کو تبدیل کرنے میں مدد کر رہے ہیں۔ ہم گورنر Hochul، ان کی کابینہ کے ممبران، اور ریاست کے پبلک سیفٹی پروفیشنلز کا ان کی حمایت کے لئے شکریہ ادا کرتے ہیں اور ہر ایک کو یہ یاد رکھنے کی ترغیب دیتے ہیں کہ سننے اور یقین کرنے جیسے سادہ سے اقدامات کتنی زندگیاں بچا سکتے ہیں۔"

گورنر Hochul کی کابینہ کے ممبران اس مہم میں شامل بھی ہوئے ہیں اور انہوں نے 'یقین کے ساتھ ابتدا کریں' کا حلف اٹھا کر سوشل میڈیا پر اس کی حمایت کا اعلان بھی کیا ہے۔ آج تک، 12,000 سے زیادہ تنظیمیں اور افراد یہ کام کر چکے ہیں۔ 'یقین کے ساتھ ابتدا کریں' کا دن ہر سال اپریل کے مہینے میں منایا جاتا ہے کیونکہ اس مہینے کو ملکی سطح پر اور نیویارک میں جنسی حملوں سے آگاہی کا مہینہ کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

اس بات کا امکان زیادہ ہوتا ہے کہ جنسی زیادتی کا نشانہ بننے والے افراد کسی دوست، عزیز، یا خاندان کے کسی فرد کو اس بارے میں بتائیں۔ اگر ان کے اس انکشاف کو عدم اعتماد، شکوک و شبہات، ناراضگی یا احساس شرمندگی سے سنا جائے گا، تو اس کا امکان کم ہو جاتا ہے کہ وہ اس واقعے کی اطلاع پولیس کو دیں یا جسمانی اور جذباتی صدمے سے نکلنے کے لئے مدد طلب کریں۔ اس کا نتیجہ ان کی جسمانی اور نفسیاتی صحت و تندرستی کے مزید نقصان کی صورت میں نکلتا ہے۔ خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کی عالمی تنظیم (End Violence Against Women International, EVAWI) نے 'یقین کے ساتھ ابتدا کریں' نامی مہم تخلیق کی تاکہ پیشہ ور افراد اور عوام کو ان منفی اثرات کے بارے میں آگاہی ملے اور ایسے افراد کو ان کے اختیارات اور اگلے اقدامات کرنے کے لئے بااختیار بنانے والی معلومات اور وسائل کا اشتراک ہو سکے۔

خدمات برائے متاثرین کے دفتر کی ڈائریکٹر Elizabeth Cronin نے کہا، "ہمیں معلوم ہے کہ جنسی حملے کے بہت سے متاثرین پولیس کو تو رپورٹ نہیں کرتے لیکن مزید المیہ یہ ہے کہ وہ طبی علاج معالجہ اور دیکھ بھال حاصل کرنے سے بھی ہچکچاتے ہیں، جس کا مطلب ہے کہ انہیں اس سخت اور انتہائی مشکل وقت میں جسمانی اور جذباتی ہمدردی اور نگہداشت نہیں ملتی۔ متاثرین کے ایک سابق اسپیشل پراسیکیوٹر کی حیثیت سے، میں نے براہ راست دیکھا ہے کہ کس طرح دیکھ بھال اور مدد تک رسائی اور اپنے مجرم کو جوابدہ بنانے کے لئے فوجداری انصاف کے نظام کے ساتھ تعاون کرنے پر ان کی آمادگی کسی فرد کی زندگی میں کس طرح بہت بڑا فرق پیدا کر سکتی ہے۔ میں گورنر Hochul کی معترف ہوں کہ انہوں نے اس مہم کو اپنایا اور اس بات کو یقینی بنانے کے لئے شب و روز کام کیا کہ ان حملوں کے متاثرین اور بچ جانے والوں کی بات سنی جائے، ان کا احترام کیا جائے، اور ان پر یقین کیا جائے۔"

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے گھریلو تشدد کی روک تھام کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Kelli Owens نے کہا، " جب ہم جنسی حملے کا انکشاف کرنے والے متاثرین کی بات کا یقین کریں گے تبھی تو ان کا بدنامی کا داغ دور کر سکیں گے اور انہیں مزید صدمے سے بچا سکیں گے۔ ہماری ایجنسی کا عزم ہے کہ ہم متاثرین کی داستان پر یقین کریں گے اور ان کی ہمت اور حوصلے کا احترام کریں گے، تاکہ خدمات برائے متاثرین کے دفتر کے اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر متاثرین پر توجہ مرکوز کرنے والا، ان کے صدمے سے آگاہی رکھنے والا، اور ثقافتی رد عمل دینے والا نظام تعمیر کرکے ریاست کی کوششوں کو مزید تقویت دی جائے۔ ریاست نیویارک میں 'یقین کے ساتھ ابتدا کریں' کو تسلیم کرنے اور جنسی حملے اور صنف کی بنیاد پر ہر قسم کے تشدد کے متاثرین کی حمایت کرنے پر گورنر Hochul کا شکریہ۔"

خدمات برائے متاثرین کا دفتر (Office of Victim Services, OVS) پوری ریاست میں متاثرین کے لئے کام کرنے والے 239 سے زائد امدادی پروگراموں کی مالی کفالت اور حمایت کرتا ہے جو جنسی حملوں اور دیگر جرائم کے متاثرین اور ان کے خاندانوں کو براہ راست خدمات فراہم کرتے ہیں، مثلاً بحران سے متعلق مشاورت، سپورٹ گروپس، کیس منیجمنٹ، ہنگامی پناہ گاہ، دیوانی اور قانونی مدد اور نقل مکانی میں مدد جیسی خدمات۔

افراد ان پروگراموں کو تلاش کرنے کے لئے ovs.ny.gov/connect کا استعمال کر سکتے ہیں جو اپنی خدمات بلا معاوضہ فراہم کرتے ہیں، اس سے قطع نظر کہ کسی شخص نے پولیس کو جرم کی اطلاع دی ہے یا نہیں۔ ریاست کی گھریلو اور جنسی تشدد کی ہاٹ لائن 7/24 خفیہ مدد اور وکالت کی سہولت فراہم کرتی ہے: 800-942-6906 (آواز)، 844-997-2121 (ٹیکسٹ) اور opdv.ny.gov (چیٹ)۔

اگر کسی شخص کے پاس نجی ہیلتھ انشورنس نہیں ہے یا وہ معائنے کے لئے اپنی نجی ہیلتھ کیئر انشورنس استعمال نہ کرنا چاہے، تو OVS طبی فراہم کنندگان کو فارنزک ریپ ٹیسٹ (FRE) کے اخراجات براہ راست بھی ادا کرتا ہے۔ یہ اقدام ایجنسی کے ادائیگی کا آخری حل والے ضابطے کا ایک استثنا ہے اور متاثرین کو ذاتی رازداری کی سہولت

فراہم کرتا ہے۔ ایجنسی پولیس رپورٹس کے بدلے FRE دعووں کو بھی قبول کرتی ہے، جو ایسے افراد کو جرم سے متعلق دیگر اخراجات کے لئے OVS سے مالی مدد اور ادائیگی حاصل کرنے کے قابل بناتی ہے۔

Commission of Correction کے چیئر Allen Riley نے کہا، "جنسی حملے بہت عام ہو چکے ہیں لیکن ہمارے معاشرے میں ہم سامنے آنے والے متاثرین کے بیانات پر یقین کرنے سے ہچکچاتے ہیں، خاص طور پر اگر انہوں نے کسی ایسے واقعے کا انکشاف کیا ہو جو انہیں قید کے دوران پیش آیا تھا۔ چونکہ ہم متاثرین کی حمایت کرتے ہیں اور ان کے حقوق کو فوقیت دیتے ہیں، لہذا یہ ضروری ہے کہ ہم قانون نافذ کرنے والے اداروں کو رپورٹ کرنے کی اہمیت کو بھی بڑھائیں تاکہ مجرموں کو جوابدہ ٹھہرایا جا سکے اور ہم استحصال کو کم کر سکیں۔ میں متاثرین کا مکمل ساتھ دینے اور نیویارک کو سب کے لیے محفوظ بنانے کے لئے تگ و دو کرنے پر گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

ڈویژن برائے خدماتِ فوجداری انصاف کی کمشنر Rossana Rosado نے کہا، "ڈویژن برائے خدماتِ فوجداری انصاف پولیس محکموں، استغاثہ، اور زنا بالجبر کرائسس پروگراموں کو فنڈز فراہم کرتا ہے اور ہسپتالوں اور صحت کی دیکھ بھال کے مراکز کو جنسی جرائم کے ثبوت جمع کرنے کی کٹس مفت میں دیتا ہے۔ ان وسائل سے قانون نافذ کرنے والے اداروں، متاثرین کے وکیلوں اور طبی پیشہ ور افراد کو بہتر طور پر ان افراد کی مدد کرنے میں سہولت ہوتی ہے جنہوں نے بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے سچ بولنے اور اپنے حملے کا انکشاف کرنے کا فیصلہ کیا ہو۔ ہم ہمیشہ متاثرین اور بچ جانے والوں کے ساتھ کھڑے رہیں گے اور فوجداری انصاف کا ایک ایسا منصفانہ اور قابل بھروسہ نظام یقینی بنانے میں ہاتھ بٹانے کے لئے اپنا کام جاری رکھیں گے جو نیویارک کے تمام باشندوں کے ساتھ ویسا ہی ہمدردانہ اور احترام والا سلوک کرے جس کے وہ مستحق ہیں۔"

ریاست نیویارک کے ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "ایسے خواتین اور مردوں کی تعداد بہت حیران کن ہے جنہیں اپنی زندگی میں جنسی حملے یا بدسلوکی کا سامنا کرنا پڑا، اور ان میں سے بہت سوں کے ساتھ، یہ بدسلوکی ان کی نوعمری والے سالوں ہی میں شروع ہو گئی تھی۔ جنسی حملے اور جنسی تشدد خاموشی سے پنپتے رہتے ہیں۔ صرف ان متاثرین کی آپ بیتیوں پر یقین کرکے ہی ہم لوگوں کو اپنی سچائی بتانے، اپنی کہانی بیان کرنے، اور شفایابی کا عمل شروع کرنے کے لئے ضروری تحفظ پیدا کرسکتے ہیں۔ اور صرف متاثرین کے جگہ پیدا کرنے کے ذریعے کہ وہ سامنے آئیں، ہم بالآخر مجرموں کا احتساب کرنے کے قابل بن سکیں گے۔"

ریاست نیویارک کے ڈویژن برائے انسانی حقوق کی کمشنر Maria Imperial نے کہا، " ریاست نیویارک کے ڈویژن برائے انسانی حقوق میں ہم ہراسگی اور تشدد کے خلاف کھڑے ہو کر صنفی انصاف کو فروغ دے رہے ہیں۔ اس عمل کی ابتدا خواتین اور لڑکیوں کی داستان سننے اور اس پر یقین کرنے سے ہوتی ہے۔سب لوگوں کے لئے احترام اور خودمختاری یقینی بنانا ہمارا مشن ہے۔ خواتین کے حقوق انسانی حقوق ہیں؛ ہمیں یہ حلف اٹھانے پر فخر ہے۔"

محکمہ اصلاح اور کمیونٹی کی نگرانی کے قائم مقام کمشنر Anthony J. Annucci نے کہا، "یہ ضروری ہے کہ ہم جنسی حملے کے متاثرین اور ان سے بچ جانے والوں کی بات پر یقین کریں، قطع نظر اس کے کہ حملہ کہاں ہوا تھا۔ تمام متاثرین ہماری حمایت کے مستحق ہیں، اور تمام مجرموں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کی ضرورت ہے۔ میں اس اہم مسئلے میں گورنر Hochul کی مضبوط قیادت کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

ڈپارٹمنٹ آف ویٹرنز سروسز کی کمشنر Viviana DeCohen نے کہا، " ایک ایسی ایجنسی کی حیثیت سے جسے سابق فوجی ہی سابق فوجیوں کے لئے چلاتے ہیں، ہم مشکل ترین وقتوں میں ایک دوسرے پر یقین کرنے اور ایک دوسرے کی حمایت کرنے کی اہمیت کو سمجھتے ہیں۔ جان لیجیے کہ ہم آپ کو دیکھ رہے ہیں، آپ پر یقین کر رہے ہیں اور ہم آپ کی مدد و معاونت کے لئے تیار کھڑے ہیں۔ 'یقین کرکے ابتدا کریں' کا دن ہمیں جنسی حملوں کے متاثرین کے شفایابی اور بااختیار بنانے کے سفر میں بہتر طور پر باخبر رہنے اور ان کی خدمت اور مدد کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار رہنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔"

ریاستی پولیس کے قائم مقام سپرنٹنڈنٹ Steven A. Nigrelli نے کہا، "جنسی زیادتی کے متاثرین کو انصاف دلانا اور انہیں تبدیلی لانے کے لئے بااختیار بنانا نیو یارک اسٹیٹ پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ اپنے تفتیش کاروں کے شاندار کام کے ذریعے ہم متاثرین کو ایسے حملوں اور تشدد کی اطلاع دینے کے لئے محفوظ اور معاون راستے فراہم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ جنسی حملوں کے بارے میں شعور اجاگر کرکے اور متاثرین کو ان کی رپورٹ کرنے کی ترغیب دے کر، ہم جنسی حملوں کے واقعات کو کم کرنے اور ہر طرح کے جنسی تشدد کو روکنے میں مدد دے سکتے ہیں۔ میں اس اہم مسئلے کو اجاگر کرنے اور اس کی حمایت کرنے پر گورنر کا مشکور و معترف ہوں۔"

ریاست نیویارک کے ایڈجوٹنٹ جنرل Major General Raymond Shields نے کہا، "نیویارک نیشنل گارڈ ایک ایسا ماحول پیدا کرنے کے لئے پُرعزم ہے جس میں ہمارے مرد اور خواتین خوب اچھی طرح پنپ سکیں، کیونکہ وہ ہماری ریاست اور قوم کی خدمت کرتے ہیں۔ جنسی حملے کے ہر غیر پابند الزام کی اطلاع نیویارک اسٹیٹ پولیس کو دی جاتی ہے۔ ہم جنسی حملے اور ہراسگی کے ہر واقعے کو سنجیدگی سے لیتے ہیں اور یہ امر یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے فوجیوں اور فضائیہ کے جوانوں کی بات بغور سنی جائے اور ان کے مقدمات کو ذمہ داری کے ساتھ نمٹا جائے۔ اپنے فوجیوں اور فضائیہ کے جوانوں کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔"

خدمات برائے متاثرین کے دفتر کے بارے میں
خدمات برائے متاثرین کا دفتر پوری ریاست پر محیط ایک نیٹ ورک کی معاونت کرتا ہے جو جرائم کے شکار ایسے افراد اور متاثرین کے لیے ایک اہم مالیاتی حفاظتی جال ہے جنہیں جرم سے متعلقہ اخراجات کی ادائیگی کرنی ہے لیکن ان کے پاس اس ادائیگی کے لیے کوئی اور وسائل نہیں ہیں۔ یہ ایجنسی جرائم کے مستحق متاثرین اور ان کے اہل خانہ کو طبی اور مشاورتی اخراجات، کفن دفن کے اخراجات، اور ضائع شدہ اجرت اور مالی سپورٹ کے ساتھ ساتھ دیگر امور کی مد میں بھی مالی امداد دیتی اور خرچ کردہ رقوم واپس کرتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے خدمات برائے متاثرین کے دفتر کو ٹوئٹر اور فیس بک پر فالو کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں